1670-کیا جادو بھی قتل کردیتا ھے ۔

سوال

میں جادو کے بارہ میں معلومات چاہتا ھوں اس کے آثار کیا ہیں ؟ اور کیا انسان اسے لوگوں کو قتل کرنے کے لئے استعمال کرسکتا ہے ؟

پسندیدہ جواب

جی ھاں ایسا جادو بھی ھے جس سے قتل بھی ھوجاتا ہے اور علماء نے اسے قتل عمد کی صورت میں ذکر کیا ھے کہ جس نے کسی کو ایسا جادو کیا جس سے غالبا قتل ھوجاتا ہے تو اس کے ذمہ قصاص ہے کیونکہ اس نے ایسی چیز سے قتل کیا جو کہ غالب طور پر قتل کردیتی ھے ۔

ابن قدامہ رحمہ اللہ تعالی نے مغنی میں (9/230) کہا ہے کہ : چھٹی قسم یہ کہ ایسا جادو کیا جو کہ غالبا قاتل ھو تو اس کے ذمہ قصاص ہے کیونکہ اس نے اسے ایسی چیز سے قتل کیا جو کہ عام طور پر قتل کردیتی ہے تو ایسے ہی ہے جیسے کسی کو چھری سے قتل کیا جائے اور اگر وہ جادو ایسا ہو جو غالبا قتل نہ کرے یا ایسا ہو کہ بعض اوقات قتل کرے اور بعض اوقات نہ کرے تو اس میں دیت ہے قصاص نہیں کیونکہ یہ شبہ عمد ہے تو یہ ایسے ہے جیسے کہ کسی کو لاٹھی سے قتل کیا جائے ۔ 1ھ

اور الموسوعۃ الفقھیۃ (267/24) میں ہے کہ جادوگر نے اگر اپنے جادو سے کسی کو قتل کیا تو اسکے حکم کے تحت ذکر کیا گیا ہے کہ اور جمھور علماء کا قول ہے ۔

جادو سے قتل ممکن ہے یہ قتل عمد ہو اور اس میں قصاص ہے ۔ مالکیہ کے ہاں یہ قتل بینۃ (دلائل) یا پھر اقرار سے ثابت ہوگا ۔

اور شافعیہ کہتے ہیں کہ اگر جادوگر نے اپنے مدمقابل کو جادو سے عمدا قتل کیا تو اس میں قصاص ہے اور اس کا ثبوت جادوگر کا حقیقی یا حکمی اقرار ہوگا ۔

مثلا اس کا یہ کہنا کہ میں نے اسے اپنے جادو سے قتل کیا ہے یا یہ کہے کہ میں نے اسے ایسی قسم سے قتل کیا ہے اور اس بات کے دو عادل جنھیں اس کا علم ہو اور وہ اس سے توبہ کرچکے ہوں شہادت دیں کہ جادو کی قسم عام طور پر قتل کردیتی ہے تو اگر اس قسم سے غالبا قتل نہ ہوتا ہو تو شبہ عمد ہوگا ۔

واللہ اعلم .